

سبق - 7

# گڑیا

( ف ق ک گ )





## سنیے - بولیے

(الف) طلبا سے تصویر کے بارے میں گفتگو کی جائے :

1۔ تصویر میں کیا دکھائی دے رہا ہے؟

2۔ کیا آپ کے گاؤں یا محلے میں کھلونے والا آتا ہے؟

3۔ کیا آپ کو کھلونے پسند ہیں؟

4۔ تھوڑی دیر کے لیے کیا آپ کھلونے والا بن کر اس کی نقل کر سکتے ہیں؟

5۔ کیا آپ گڑیا کی طرح ناچ کر دکھا سکتے ہیں؟

SCERT TELANGANA

(ب) آیئے اب ہم ایک نظم سنتے ہیں۔ (معلم یہ نظم ترنم اور اداکاری کے ساتھ پڑھیں)

کھلونے والا آیا ہے — اچھے کھلونے لایا ہے
ناچنے والے گانے والے — رنگ برنگے پیارے پیارے
مینڈک راجہ پھدک رہے ہیں — بھالو کاکا اُچک رہے ہیں
دیکھو گڑیا جھوم رہی ہے — چھم چھم کرتی گھوم رہی ہے
رانی آؤ ٹینا آؤ — اپنی اپنی گڑیا پاؤ

(ج) طلبا کو بھی ترنم واداکاری کے ساتھ نظم دہرانے کے لیے کہا جائے اور اس کے بارے میں چند سوالات کیے جائیں۔

(د) نظم میں ذیل کے حروف سے شروع ہونے والے الفاظ کی شناخت طلبا سے کروائیں۔

ف ق ک گ

(ھ) ف، ق، ک، گ سے شروع ہونے والے ذیل کے الفاظ طلبا سے کہلوائیں۔ حروف کی آواز سے واقف کروائیں، اور مزید اسی طرح کے لفظ سوچ کر بتانے کی ترغیب دیں۔



فون

| | | |
|---|---|---|
| ف | و | ن |



گاجر

| | | | |
|---|---|---|---|
| گ | ا | ج | ر |



گلاب

| | | | |
|---|---|---|---|
| گ | ل | ا | ب |



کرسی

| | | | |
|---|---|---|---|
| ک | ر | س | ی |



کبوتر

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ک | ب | و | ت | ر |



قفل

| | | |
|---|---|---|
| ق | ف | ل |

(و) آواز کی پہچان کے بعد حروف ف، ق، ک، گ جلی حروف میں تختۂ سیاہ پر لکھے جائیں۔

SCERT TELANGANA



## پڑھیے

(الف) نیچے دیے گئے حروف پڑھوایے اور اشاروں کے مطابق عمل کروائیے۔


| ف | ق | ک | گ | ا | ل |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |

- پہلا حرف کونسا ہے؟
- حروف 3 اور 6 کو ملا کر پڑھیے؟
- دوسرا حرف کونسا ہے؟
- حروف 6,5,4 کو ملا کر پڑھیے؟

(ب) تصویریں بتا کر ان کے نام پوچھیے۔ اور حروف ''ف'ق'ک'گ'' کی شناخت کروائیے۔



فقیر



قلم



کبوتر



گاجر

(ج) ذیل کے الفاظ پڑھوائیے اور غیر متعلق الفاظ پر دائرہ 'O' بنوائیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| فون | فون | فراک | فون |
| گاجر | گاجر | گاجر | گلاب |
| قفل | قلم | قلم | قلم |
| کبوتر | کرسی | کبوتر | کبوتر |

SCERT TELANGANA

(د) ذیل میں دیئے گئے الفاظ طلبا سے روانی کے ساتھ پڑھوایئے۔

فراک قلم کرسی گڑیا برف فوج کان گاجر قمر قفل


(ھ) تصویروں کی مدد سے جملے پڑھوایئے' اوران جملوں میں ف' ق' ک' گ سے شروع ہونے والے الفاظ پر دائرہ بنوایئے۔



لڑکا فون پر بات کر رہا ہے



لڑکی قلم سے لکھ رہی ہے



کرسی پر گیند ہے



بچے کھیل رہے ہیں



## لکھیے

(الف) ذیل میں دیے گئے حروف کو صاف خط میں لکھوایئے۔

ف ________ ________ ________ ________

ق ________ ________ ________ ________


ک ________ ________ ________ ________


گ ________ ________ ________ ________

SCERT TELANGANA

(ب) تصویریں دیکھ کر خالی جگہوں میں مناسب الفاظ لکھوایئے۔

مثال:  ــــــــ کرسی ــــــــ پر گیند ہے۔

- سلیم  ــــــــــ سے تصویر اتار رہا ہے۔

- اسما کے ہاتھ میں  ــــــــــ ہے۔

- رانی  ــــــــــ سے کھیل رہی ہے۔

(ج) دیئے گئے جملے پڑھوایئے اور خالی جگہوں کو پُر کروایئے۔

- فراز ایک نیک لڑکا ہے۔

  ــــــــ ایک نیک لڑکا ہے۔

- قمر کو قلم بہت پسند ہے۔

  ــــــــ کو قلم بہت پسند ہے۔

- کوّا ڈال پر بیٹھا ہے۔


  ــــــــ ڈال پر بیٹھا ہے۔

- خرگوش گاجر کھا رہا ہے۔

  خرگوش ــــــــ کھا رہا ہے۔

SCERT TELANGANA

## (د) مندرجہ ذیل تصاویر کے نام لکھنے کی مشق کروائیے












### سوچیے

طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



SCERT TELANGANA